

روزنامہ
# نوائے احمد پور شرقیہ
بہاول پور
چیف ایڈیٹر
احسان احمد سحر





77 واں یوم آزادی مبارک

## یوم آزادی کے موقع پر اشاعت خصوصی




# یوم آزادی مبارک



## قائداعظم محمد علی جناح کی بحیثیت گورنر جنرل پاکستان حلف برداری

**14** اگست **1947** ء کو پاکستان معرض وجود میں آیا اور اسکے ساتھ ہی وہ تحریک اپنی منزل سے آشنا ہوئی جو حضرت قائداعظم محمد علی جناح نے سات سال چار ماہ اور اکیس دن تک جاری رکھی تا کہ برصغیر کے مسلمان ایک آزاد اور خود مختار مملکت میں اپنی تمناؤں، آرزوؤں کے مطابق اپنے مذہبی عقائد کیساتھ زندگی بسر کر سکیں، یہ دنیا کی تاریخ کا پہلا واقعہ ہے کہ برصغیر کے مسلمانوں نے اتنے کم عرصے میں نہ صرف اپنے قومی تشخص کو پالیا بلکہ سات سال کی قلیل مدت میں برطانیہ ایسی عظیم سلطنت کے حکمرانوں اور ہندو قوم سے بھی تسلیم کروالیا کہ مسلمان ایک الگ قوم ہیں جن کی ثقافت جدا، جنکی تہذیب جدا، جن کا دین جدا اور جنکی روحانی اور اخلاقی اقدار جدا ہیں۔

**14** اگست **1947** ء سے چند دن قبل ہی قائداعظم نے اورنگزیب روڈ نئی دہلی میں اپنی کوٹھی کو چھوڑا تھا جہاں انہوں نے سات برس سے زیادہ مدت تک سکونت رکھی اور حصول پاکستان کی جدوجہد کی قیادت فرمائی، قائداعظم بمبئی جانے کے لئے نئی دہلی ائرپورٹ پر پہنچے انکے ساتھ محترمہ فاطمہ جناح بھی تھیں۔ لارڈ مونٹ بیٹن نے ایک ڈی سی تھری طیارہ قائداعظم کو ذاتی استعمال کیلئے دے دیا تھا چنانچہ قائداعظم طیارہ پر سوار ہونے کیلئے ائیرپورٹ پر پہنچے تو مسلمانوں کا ایک جم غفیر اور ممتاز مسلم لیگی رہنما انہیں الوداع کہنے کیلئے وہاں موجود تھے۔

قائداعظم نئی دہلی سے بمبئی پہنچے، لاکھوں مسلمانوں کے پرجوش اجتماع نے انکا استقبال کیا قائداعظم اپنی ہمشیرہ کے ہمراہ ائیرپورٹ سے سیدھے مالابرل کی وسیع وعریض کوٹھی میں پہنچے وہاں سے قائداعظم اپنی بیوی کی قبر پر فاتحہ پڑھنے اور پھول چڑھانے کیلئے روانہ ہوگئے۔ قائداعظم نے اپنی بیوی کی قبر پر پھول چڑھائے اور فاتحہ کیلئے ہاتھ اٹھائے تو اس وقت وہ جذبات کی شدید رو میں بہہ گئے۔ قائداعظم کی آنکھوں میں آنسو آگئے اور فرط محبت میں انہوں نے قبر کو بوسہ دیا۔ جیب سے رومال نکال کر قائداعظم نے آنکھیں پونچھیں اور کراچی جانے کیلئے بمبئی ائیرپورٹ کو چل دیئے، وہ طیارے میں سوار ہوئے، طیارہ رن وے پر دوڑنے لگا اور دیکھتے ہی دیکھتے فضا میں بلند ہوگیا۔ اس نے بمبئی کا ایک چکر لگایا، قائداعظم نے آخری مرتبہ اس شہر پر نظری ڈالی جہاں انہوں نے انگلینڈ سے واپس آکر وکالت کا آغاز کیا تھا اور پلک جھپکنے میں اوج ثریا پر تابناک ستارے کی طرح چمکنے لگے تھے۔ قائداعظم اپنے خیالات میں مگن تھے کہ کراچی کا ہوائی اڈاہ آگیا جہاں لاکھوں مسلمان اپنے محبوب قائد اور دنیا کی سب سے بڑی اسلامی مملکت کے بانی کے استقبال کیلئے فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔

طیارہ رن وے پر اپنے نشان زدہ مقام پر اترا جب سیڑھی لگادی گئی اور دروازہ کھلا تو قائداعظم ابھی تک اپنے اپنی نشست سے نہیں اٹھے تھے انکے چہرے پر تکان کے آثار دیکھ کر انکے مصاحب جناب سید محسن نے قائد کو سہارا دینے کیلئے ہاتھ بڑھایا، قائداعظم نے فوراً کہا کہ مجھے تمہاری مدد کی ضرورت نہیں، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ابھی میرے اندر اتنی قوت وتوانائی موجود ہے کہ بغیر سہارے کے کھڑا ہوسکوں اور اپنے پیروں پر چل کر طیارے سے باہر جاسکوں۔

قائداعظم اپنی عظیم بہن کیساتھ دروازے پر نمودار ہوئے اور سیڑھیوں سے نیچے اترنے لگے ائیرپورٹ پر موجود لاکھوں افراد کے جوش وخروش کا منظر دیدنی تھا۔ قائداعظم زندہ باد اور پاکستان زندہ باد کے نعروں نے سر پر آسمان اٹھا رکھا تھا ہجوم تمام حفاظتی انتظامات کو خیر باد کہتا ہوا قائداعظم کی طرف بڑھ رہا تھا قائداعظم ہاتھ ہلا ہلا کر عوام کے نعروں کا جواب دے رہے تھے۔ قائداعظم گورنمنٹ ہاؤس جانے کیلئے موٹر کار پر سوار ہوئے ہوائی اڈے سے لیکر گورنمنٹ ہاؤس تک سڑک کے دونوں طرف عوام کا اس قدر ہجوم تھا کہ جہاں تک نگاہ جاتی تھی انسانی سر ہی نظر آتے تھے۔ انکے بیچوں بیچ قائداعظم کی موٹر کار جا رہی تھی کار گورنمنٹ ہاؤس میں جا کر رکی، قائداعظم ایک کشور کشا، فاتح اور ظفر مند جرنیل کی طرح بڑی تمکنت اور جلال سے کار سے اترے اور سیڑھیاں چڑھتے ہوئے عمارت کے اندر چلے گئے۔

**14** اگست کو جب کراچی کی سرمگیں پہاڑیوں کے عقب سے سپیدہ صبح نمودار ہوا اور مساجد سے اللہ اکبر کی ایمان افروز اور روح افزا صدائیں بلند ہوئیں کراچی شہر جو ابھی اعلان آزادی کی خوشیوں کے انبار تلے دبا ہوا تھا آنکھیں ملتا ہوا بیدار ہوا۔ آج پاکستان کو اقتدار منتقل کرنے کی رسم کے بعد گورنر جنرل قائداعظم نے اپنے عہدے کا حلف اٹھانا تھا۔ مساجد میں شکرانے کے نفل ادا کیئے جا رہے تھے اور پاکستان کی سلامتی اور استحکام کیلئے دل کی گہرائیوں سے دعائیں مانگی جا رہی تھیں۔

لارڈ مونٹ بیٹن نے امیر البحر کی سفید وردی زیب تن کی اور پی کیپ سر پر سجائی، انکی بیگم نے بھی زرق برق لباس پہنا اور دونوں سندھ اسمبلی کے ایوان میں داخل ہوئے جہاں مسٹر گزدر نے سب سے پہلے پاکستان کے قیام کی قرارداد پیش کی۔ ایوان نے قرارداد کو منظور کیا اور یوں اس تاریخی قرارداد کے ذریعے پاکستان کے قیام کا باقاعدہ سند مہیا کی گئی۔

**14** اگست برصغیر کے مسلمانوں کیلئے زندگی آمیز اور زندگی آموز دن تھا۔ پاکستان کی پہلی اسمبلی کا ایوان ارکان اسمبلی اور مسلم لیگی رہنماؤں سے پر تھا۔ مونٹ بیٹن اور لیڈی مونٹ بیٹن نے اپنی نشستیں سنبھال لی تھیں۔ اسلامیان برصغیر کی تاریخ کا عظیم الشان اور فقید المثال دن تھا کہ ایک راست گو، دیانتدار اور پرخلوص رہنما کی ولولہ انگیز قیادت میں مسلمانان برصغیر نے انگریزوں اور ہندوؤں کی زبردست مخالفت کے باوجود پاکستان کی معرض وجود میں لانے کا تاریخی کارنامہ سرانجام دیا اور آج انتقال اقتدار کی رسم ادا ہونا تھی، مونٹ بیٹن نے اس موقع پر تقریر کرتے ہوئے کہا کہ تخلیق پاکستان تاریخ کا ایک نہایت اہم ترین واقعہ ہے میں مسٹر جناح کو خراج تعظیم پیش کرتا ہوں، ذہانت، خلوص اور پراعتمادی مسٹر جناح کی وہ قابل ستائش صفات ہیں جنکی بنیادوں پر ایک آزاد اور خودمختار مملکت کی عمارت استوار ہوئی۔

مونٹ بیٹن کی تقریر کے بعد قائداعظم اپنی نشست سے اٹھے اور پورے جاہ وجلال اور جوش وخروش کیساتھ ایک مختصر تقریر کی۔ انہوں نے فرمایا کہ پاکستان، اسلام کے نام پر معرض وجود میں آیا ہے اور ہم اسلام کی پیروی کرتے ہوئے دنیا بھر میں انصاف اور امن کے قیام کیلئے کوئی کسر اٹھا نہ رکھیں گے دنیا بھر کے ممالک جو ہماری پرخلوص دوستی کے جذبے سے دیکھیں گے وہ کبھی ہماری طرف سے مایوس نہ ہوں گے، قائداعظم نے تقریر ختم کی اور دونوں رہنما تالیوں کی گونج میں باہر کی طرف چل دیئے اور قائداعظم اور مونٹ بیٹن ساگوان کے بلند وبالا دروازے سے نمودار ہوئے، سیڑھیوں کے قریب رولز رائس کھڑی تھی اور اسکے عقب میں دوسری گاڑیوں کی لمبی قطار موجود تھی، سیڑھیوں پر مونٹ بیٹن نے قائداعظم سے کہا کہ میرا خیال ہے جلوس کا ارادہ ترک کردیا جائے اور آپ سیدھے گورنمنٹ ہاؤس پہنچیں۔ قائداعظم نے کہا کہ جلوس کی تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں انہیں منسوخ نہیں کیا جاسکتا۔ مونٹ بیٹن نے کہا کہ شاید آپکو معلوم نہیں کہ یہاں آپکو اور مجھے بم سے ہلاک کرنے کیلئے راشٹریہ سنگھ کے رضا کار پہنچ چکے ہیں۔

قائداعظم نے کہا کہ مجھے اسکا علم ہے لیکن میں اس سے خائف نہیں، میں مسلمان ہوں اور میرا ایمان ہے کہ اگر وہ بم یا گولی تیار ہوچکی ہے اور میری موت کی گھڑی آن پہنچی ہے تو دنیا کی کوئی طاقت مجھے موت سے نہیں بچاسکتی نہ زندگی اور موت خدا کے ہاتھ میں ہے، اگر خدا کو میری اور آپکی زندگی منظور ہے تو ہمیں ساری دنیا مل کر بھی قتل نہیں کرسکتی۔

قائداعظم ہنستے ہوئے اور مونٹ بیٹن زرد چہرے کیساتھ رولز رائس پر سوار ہوئے جلوس میں روانہ ہوئے، انتقال اقتدار کی خوشی میں توپوں کی سلامی دی گئی، زمین وآسمان قائداعظم زندہ باد اور پاکستان زندہ باد کے نعرے سے لرزاٹھے۔ مونٹ بیٹن مسلسل گھبراہٹ کے عالم میں تھے۔ قائداعظم نے انہیں حوصلہ دیتے ہوئے کہا کہ مونٹ بیٹن گھبراؤ نہیں وہ بم ابھی تیار نہیں ہوا جس پر تمہارا یا میرا نام لکھا ہو، جلوس بخیر وعافیت گورنمنٹ ہاؤس پہنچا جہاں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے حلف اٹھایا۔ (آصف بھلی)

# 14 August 2024



اے اللہ! پاکستان کی حفاظت فرما

کے پرمسرت موقع پر ہم

قائداعظم کے فرمودات اتحاد ایمان تنظیم

پر عمل پیرا ہوتے ہوئے عہد کرتے ہیں کہ ہم نظریہ پاکستان کی سربلندی اور وطن عزیز کی ترقی وخوشحالی کے لئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ملکی سلامتی، ترقی استحکام نیز علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

قائد کے زیر قیادت مسلمانان ہند کی طویل جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر

"آزاد پاکستان"

منجانب



## مخدوم سید زمرد حسین بخاری

سجادہ نشین دربار جلالیہ عالیہ بخاریؒ اوچشریف

---




# یوم آزادی مبارک

وطن عزیز پاکستان کی آزادی کی 77 ویں سالگرہ کے موقع پر ہم اہل وطن کو

## پرخلوص مبارک باد

پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ اسلام کی سربلندی پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کے لئے شب وروز کوشاں رہیں گے۔ اور ان عظیم اور مقدس مقاصد کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے


منجانب



## مخدوم زادہ سید حسن زمرد بخاری

ولی عہد دربار جلالیہ عالیہ بخاریؒ اوچشریف

---



# 14 اگست
# یوم آزادی پاکستان

آج کے تاریخ ساز دن برصغیر کے مسلمانوں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کی ولولہ انگیز قیادت میں اپنے لئے علیحدہ اسلامی مملکت حاصل کی جسے پاکستان کا نام دیا گیا۔

منجانب



## حکیم محمد حسنین چوہان

مرکزی رہنما تحریک خدام الدین پاکستان

---



پاکستان کا مطلب کیا؟ لا الہ الا اللہ

14 August 2024

# جشن آزادی مبارک



پوری قوم مبارک باد کی مستحق ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت صدر مملکت

**آصف علی زرداری اور چیئرمین بلاول بھٹو زرداری**

کی قیادت میں نظریہ پاکستان کو حقیقی روپ دے رہی ہے

یوم پاکستان ہم سے نصب العین کے حصول کیلئے پیش رفت کا تقاضا کرتا ہے

منجانب



## جام محمد یعقوب جھلن

صدر پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل احمدپورشرقیہ

---




14th AUGUST

# یوم آزادی مبارک

آیئے! ہم یہ عہد کریں کہ ہم پاکستان اور اہل پاکستان کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے بابائے قوم حضرت قائداعظم محمد علی جناح کے زریں اصولوں کے مطابق پاکستان کو ایک خوشحال مستحکم اور ترقی یافتہ ملک بنائیں گے اور ملک سے غربت افلاس اور جہالت کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

منجانب

## مکہ میڈیکل سٹور

چوک منیر شہید احمدپورشرقیہ

---




# پاکستان کا مطلب کیا
# لا الہ الا اللہ

یہ دن ہماری زندگی میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ یوم آزادی ہمارے قومی کردار کی عکاسی کرتا ہے اور نظم وضبط کی بنیاد ہے۔ یوم آزادی کو شایان شان طریقہ پر منانا چاہیۓ۔ ہمارا پرچم ہماری بلندی کا نشان ہے۔ ایک عظیم مسلم قوم کی طرح اپنا پرچم بلند کیجئے 14 اگست ہماری خوشیوں اور مسرتوں کا دن ہے۔ ہمارے اتحاد کی علامت ہے۔

منجانب



## راؤ اقبال مسعود

سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ احمدپورشرقیہ








# وطن عزیز پاکستان کی آزادی کی 77 ویں سالگرہ کے موقع پر ہم اہل وطن کو

# پر خلوص مبارک باد



پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ اسلام کی سربلندی پاکستان کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کیلئے شب وروز کوشاں رہیں گے اور ان عظیم اور مقدس مقاصد کی خاطر کسی بھی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے


منجانب

## حافظ مظفر کریم مغل

ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

صدر پاکستان تحریک انصاف، تحصیل احمد پور شرقیہ


---



# اے اللہ !

# پاکستان کی حفاظت فرما

14 اگست تجدید عہد کا دن بھی ہے اور یوم احتساب بھی آج ہی کے تاریخ ساز دن برصغیر کے مسلمانوں کے لئے علیحدہ مملکت معرض وجود میں آئی۔ آج کا دن ہمیں غور وفکر کی دعوت دیتا ہے کہ کیا ہم نے ایک مسلمان ایک محب وطن شہری کی حیثیت سے اپنے فرائض بہ احسن خوبی انجام دیئے ہیں۔ ہمیں اس عہد کی تجدید بھی کرنا ہوگی کہ ہم بانی پاکستان حضرت قائداعظم محمد علی جناحؒ کے بتائے ہوئے اصولوں **اتحاد، تنظیم، یقین محکم** پر عمل کرتے ہوئے وطن عزیز کی خوشحالی، استحکام اور سلامتی کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے اور ان مقاصد کے حصول کے لئے سبز ہلالی پرچم کے نیچے متحد ہو کر ملک وقوم کی خدمت کریں گے۔




منجانب

سابق کونسلر

## حاجی محمد صدیق چوہان

سرپرست انجمن تاجران کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن احمد پور شرقیہ

---



# 14 August 2024 یوم آزادی

یہ دن ہماری زندگی میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ یوم آزادی ہمارے قومی کردار کی عکاسی کرتا ہے اور نظم وضبط کی بنیاد ہے۔ یوم آزادی کو شایان شان طریقہ پر منانا چاہئے۔ ہمارا پرچم ہماری بلندی کا نشان ہے۔ ایک عظیم مسلم قوم کی طرح اپنا پرچم بلند کیجئے 14 اگست ہماری خوشیوں اور مسرتوں کا دن ہے۔ ہمارے اتحاد کی علامت ہے۔




منجانب

## محمد اسلم بابا

سینئر رہنماء پاکستان مسلم لیگ (ن) وسابق کونسلر بلدیہ احمد پور شرقیہ

---




# یوم آزادی مبارک

جشن آزادی کے پرمسرت موقع پر ہم اہلیان تحصیل احمد پور شرقیہ کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں



منجانب

## اعجاز احمد خان ایڈیٹر

روزنامہ "نوائے احمد پور شرقیہ" احمد پور شرقیہ

---




# مسرتوں کا دن

یہ دن ہماری زندگی میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ یوم آزادی ہمارے قومی کردار کی عکاسی کرتا ہے اور نظم وضبط کی بنیاد ہے۔ یوم آزادی کو شایان شان طریقہ پر منانا چاہئے۔ ہمارا پرچم ہماری بلندی کا نشان ہے۔ ایک عظیم مسلم قوم کی طرح اپنا پرچم بلند کیجئے 14 اگست ہماری خوشیوں اور مسرتوں کا دن ہے۔ ہمارے اتحاد کی علامت ہے۔

ہم وطنو! اس تاریخ ساز موقع پر ہم اپنے بھائیوں اور بہنوں کی خدمت میں دل کی عمیق گہرائیوں سے نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ زندہ قومیں اپنی سالگرہ مناتے ہوئے اپنے ماضی اور حال کا موازنہ کرتے ہوئے مستقبل کیلئے لائحہ عمل تیار کرتی ہیں۔



منجانب

## عبدالرحمٰن شاکر

جنرل سیکرٹری انجمن تاجران کراکری ایسوسی ایشن احمد پور شرقیہ

# اے اللہ ! پاکستان کی حفاظت فرما

آیئے! آج تجدید عہد کریں کہ ہم اپنے وطن پاکستان کو مضبوط تر بنانے میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے اور ارض پاک کی مضبوطی اور امن کے لیے صوبہ بہاول پور کی بحالی تحریک میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں گے

ہم اہلیان احمد پور شرقیہ کو 77 ویں یوم آزادی پر دل کی اتھاہ گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں

منجانب



## محمد یوسف فاروقی

سابق جنرل کونسلر بلدیہ احمد پور شرقیہ

---

# یوم آزادی مبارک

اس تاریخ ساز موقع پر ہم اپنے ہم وطنوں کی خدمت میں ہدیہ تبریک پیش کرتے ہیں

آیئے! آج اس جذبے کو تازہ کریں جس سے ہم نے مادر وطن پاکستان حاصل کیا ہم یقین دلاتے ہیں کہ تحصیل احمد پور شرقیہ کی پسماندگی کو دور کرنے اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے

منجانب



## میاں محمد خالد

پروپرائیٹر: نشاط فیبرکس، نشاط کلاتھ ہاؤس احمد پور شرقیہ

---

# یوم آزادی

14 اگست کے تاریخ ساز دن کے پر مسرت موقع پر ہم اہل وطن کو پر خلوص مبارکباد پیش کرتے ہیں

آیئے! ہم یہ عہد کریں کہ ہم پاکستان اور اہل پاکستان کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے بابائے قوم حضرت قائداعظم محمد علی جناح کے زریں اصولوں کے مطابق پاکستان کو ایک خوشحال مستحکم اور ترقی یافتہ ملک بنائیں گے اور ملک سے غربت افلاس اور جہالت کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

منجانب



## شیخ محمد مسلم

صدر انجمن تاجران کریانہ مرچنٹس ایسوسی ایشن

---

# جشن آزادی مبارک

77 ویں یوم آزادی مبارک

جیوے پاکستان

آزادی خدا کی نعمت ہے، 14 اگست کے تاریخی موقع پر ہمیں اپنا محاسبہ کرنا چاہیے کہ ہم نے پاکستان کو فلاحی مملکت بنانے کیلئے کیا خدمات سرانجام دیں۔ آج کے دن کے تقاضوں کو سمجھنا اور اسکی تکمیل ہمارا قومی و اخلاقی فریضہ ہے۔

آیئے وطن عزیز کی تعمیر و خوشحالی کے لئے قومی فریضہ کی ادائیگی کا عہد کریں

منجانب



## الحاج محمد سعید سلیمی

پروپرائیٹر: سلیمی بک ڈپو ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

---

# مسرتوں کا دن

یوم استقلال ہر سال ہمارے لئے خوشیوں کا پیغام لے کر آتا ہے۔ ہم نے انگریز اور ہندو سے دوہری جنگ کر کے آج کے دن غلامی کی زنجیریں کاٹ دی تھیں۔ یوم استقلال ہماری خوشیوں اور مسرتوں کا دن ہے۔ ہمارے اتحاد کی علامت ہے، اس تاریخ ساز موقع پر ہم اپنے ہم وطنوں کی خدمت میں دل کی عمیق گہرائیوں سے نذرانہ تبریک پیش کرتے ہیں۔

منجانب



## حاجی محمد ارشد راجپوت

صدر مرکزی انجمن تاجران احمد پور شرقیہ

---

# 14 August 2024 جشن آزادی

کے پر مسرت موقع پر ہم

قائداعظم کے فرمودات پر

اتحاد ایمان تنظیم

عمل پیرا ہوتے ہوئے عہد کرتے ہیں کہ ہم نظریہ پاکستان کی سربلندی اور وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کے لئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ملکی سلامتی، ترقی استحکام نیز علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔ قائد کے زیر قیادت مسلمانان ہند کی طویل جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر "آزاد پاکستان"


منجانب



## چوہدری نصیر احمد

صدر بیکرز ایسوسی ایشن احمد پور شرقیہ

**14 August 2024**






یا اللہ سرزمینِ پاکستان کی حفاظت فرما
پاکستان کو رہتی دنیا تک قائم فرما

آج کا دن ہمیں اپنی ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے کیونکہ مسلمانوں نے پاکستان بے شمار قربانیوں اور طویل جدوجہد کے بعد حاصل کیا تھا۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم ملک کی تعمیر و ترقی خوشحالی اور آزادی کے تحفظ کے لئے اور ملک میں فلاحی اسلامی معاشرے کے قیام کے لئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

منجانب



# قاضی عدنان فرید

سابق ایم پی اے پاکستان مسلم لیگ (ن) احمد پور شرقیہ

---

# جشنِ پاکستان

Happy Independence Day

**قائد اعظم کے فرمودات** اتحاد | ایمان | تنظیم **پر**

عمل پیرا ہوتے ہوئے عہد کرتے ہیں کہ ہم نظریہ پاکستان کی سربلندی اور وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کے لئے بھرپور جدوجہد جاری رکھیں گے۔ ملکی سلامتی، ترقی استحکام نیز علاقائی سالمیت کے تحفظ کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے۔

منجانب



# چوہدری خالد جاوید

تحصیل صدر کاٹن جنرز ایسوسی ایشن احمد پور شرقیہ

---

# سلام پاکستان

Happy Independence Day

14 اگست کے تاریخ ساز دن کے پرمسرت موقع پر ہم اہل وطن کو پر خلوص مبارکباد پیش کرتے ہیں

آیئے! ہم یہ عہد کریں کہ ہم پاکستان اور اہل پاکستان کی خدمت میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھیں گے بابائے قوم حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کے زریں اصولوں کے مطابق پاکستان کو ایک خوشحال مستحکم اور ترقی یافتہ ملک بنائیں گے اور ملک سے غربت افلاس اور جہالت کا خاتمہ کر کے دم لیں گے۔

منجانب



# محمد خالد چوہان

سیکریٹری اطلاعات پاکستان پیپلز پارٹی تحصیل احمد پور شرقیہ

---

## پاکستان کا مطلب کیا؟

# لا الہ الا اللہ

# یوم آزادی مبارک

**آج کا دن پاکستان اور اہل پاکستان کیلئے بہترین اور اچھائی کی نوید لے کر طلوع ہوا ہے**

آیئے! ہم عہد کریں کہ اسلام کی سربلندی کے لئے پاکستان کے استحکام ترقی و خوشحالی کے لئے اپنی ذمہ داریاں پوری کریں گے اور پاکستان کو حقیقی معنوں میں اسلامی ریاست بنانے میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔



منجانب

# محمد سلیمان فاروقی

ڈائریکٹر
پنجاب کالج احمد پور شرقیہ

پرنسپل احمد پور پبلک ہائیر سیکنڈری سکول احمد پور شرقیہ

---

# پاکستان اک عشق اک جنوں



Happy Independence Day

## عزیز ہم وطنو!

آگ و خون کے سمندر میں تیر کر برصغیر کے مسلمانوں نے پاکستان حاصل کیا، مسلم لیگ کی تحریک کا مقصد اسکے سوا کچھ نہ تھا کہ وطن عزیز میں اللہ کا قانون جاری و ساری کیا جائے جس میں ہر شخص کے ساتھ انصاف ہو۔

اہلیان احمد پور شرقیہ گوناگوں مشکلات کا شکار ہیں انکے حقوق پامال ہو رہے ہیں

آیئے! حقوق کی جنگ میں خود کو شریک کر کے اپنے مسائل حل کرائیں

منجانب



# حاجی محمد اشرف بلوچ

سابق کونسلر بلدیہ احمد پور شرقیہ

---

پاکستان
نور ہے اور نور کو زوال نہیں
77 واں یوم آزادی مبارک

**14th AUGUST**

# I LOVE PAKISTAN

یہ دن ہماری زندگی میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے۔ یوم آزادی ہمارے قومی کردار کی عکاسی کرتا ہے اور نظم و ضبط کی بنیاد ہے۔ یوم آزادی کو شایان شان طریقہ پر منانا چاہئے۔ ہمارا پرچم ہماری بلندی کا نشان ہے۔ ایک عظیم مسلم قوم کی طرح اپنا پرچم بلند کیجئے 14 اگست ہماری خوشیوں اور مسرتوں کا دن ہے۔ ہمارے اتحاد کی علامت ہے۔

ہم وطنو! اس تاریخ ساز موقع پر ہم اپنے بھائیوں اور بہنوں کی خدمت میں دل کی عمیق گہرائیوں سے نذرانہ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ زندہ قومیں اپنی سالگرہ مناتے ہوئے اپنے ماضی اور حال کا موازنہ کرتے ہوئے مستقبل کیلئے لائحہ عمل تیار کرتی ہیں۔

منجانب



# منظور ایاز خان

کاٹن جنرز ڈیرہ نواب صاحب

